برسوں سے آزمایا ہوا
دھلوی
خالص ہربل جنرل ٹانک
اے۔جائیل
گھر کے ہر فرد کے لئے نہایت مفید
تھکاوٹ و کمزوری سے رہیں دور
دن بھر تر و تازگی سے رہیں بھرپور
A-GILE
Sana Herbals (P) Ltd
238 R.E. Pasparganj, Delhi-92 Customer Care:95550 94254
www.sanaherbals.com www.dehlivirmedicines.com Email: sanaherbals@gmail.com info@sanaherbals.com

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دھلی • ممبئی • کولکاتا • لکھنؤ • گورکھپور • کانپور • پٹنہ • حیدرآباد • اور بنگلورو سے ایک ساتھ

روزنامہ راشٹریہ سہارا

ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA LUCKNOW

ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi • Mumbai • Kolkata
Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
Patna • Hyderabad • Bengaluru

LUCKNOW (DAAK) Pages: 12 ₹ 4/- Vol:25 Issue : 8880 سال:25 شمارہ نمبر:8880 10/شوال المکرم 1445ھ ہفتہ «یعنی مکمل سچ» •حب الوطنی •فرض شناسی •ایثار Saturday, 20 April 2024

نورامنٹ تیل و کریم
جوڑوں کا درد، کمر درد، چوٹ، موچ، سوجن، وغیرہ میں تیز اثر و کامیاب دوا
نورامنٹ
امرت سنجیونی
Rahat HERBAL
خواتین کی عام کمزوری، بھوک کی کمی، کمر و پیڈو کا درد، خون کی کمی، تھکاوٹ، چکر آنا، وزن کم ہونا۔
گیس و بدہضمی سے پریشان تو لیجئے
ڈایزک سیرپ
فوراً آرام
گیس و بدہضمی قبض، پیٹ درد، بھوک کی کمی، کھانا نہ پچنا، پیٹ و سینے میں جلن
نینی کا مشہور
نورانی تیل
ایڈوانس فارمولا
جوڑوں کا درد، کمر درد، چوٹ، موچ سوجن، وغیرہ میں نہایت تیز اثر و کامیاب دوا
امن ورما اداکار
RAHAT HERBAL INDUSTRIES Roorkee, Haridwar, Uttrakhand Email : care@rahatgroup.com Sales Enquiry - Kamlesh Singh, (Sales Manager) 9935019690 (10 am to 6 pm)

لوک سبھا انتخابات 2024
پہلا مرحلہ

ووٹ فیصد شام 6 بجے تک

ریاست	پولنگ فیصد
انڈمان نکوبار	56.87
اروناچل پردیش	65.79
آسام	71.46
بہار	47.74
چھتیس گڑھ	63.41
جموں و کشمیر	65.08
لکشدیپ	59.02
مدھیہ پردیش	63.50
مہاراشٹر	55.35
منی پور	68.81
میگھالیہ	73.69
میزورم	54.23
ناگالینڈ	56.91
پڈوچیری	73.37
راجستھان	51.91
سکم	68.06
تمل ناڈو	62.27
تری پورہ	80.06
اتر پردیش	57.77
اتراکھنڈ	57.72
بنگال	77.57
مجموعی	63.17

21 ریاستوں کی 102 سیٹوں پر 63 فیصد پولنگ

مغربی بنگال اور منی پور میں تشدد ❑ امپھال میں ای وی ایم نذر آتش اور توڑ پھوڑ ❑ چھتیس گڑھ میں بوتھ کے قریب دھماکہ ❑ سپاہی شہید

نئی دھلی، (ایجنسیاں)

لوک سبھا کے پہلے مرحلہ میں 21 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی 102 سیٹوں پر ووٹ مکمل ہوچکی ہے۔ صبح 7 بجے سے شام 6 بجے تک ہونے والی ووٹنگ میں 63 فیصد لوگوں نے ووٹ ڈالا۔ سب سے زیادہ 80 فیصد پولنگ تریپورہ میں ہوئی، جبکہ سب سے کم 48 فیصد پولنگ بہار میں ہوئی۔ نشستوں کے لحاظ سے یہ سب سے بڑا مرحلہ ہے۔ 2 ریاستوں مغربی بنگال اور منی پور میں پولنگ کے دوران تشدد بھی ہوا۔ اس کے علاوہ اروناچل پردیش اور سکم میں بھی اسمبلی انتخابات کیلئے ووٹ ڈالے گئے۔ اروناچل میں 64 فیصد اور سکم میں 68 فیصد لوگوں نے ریاست میں حکومت بنانے کیلئے اپنا ووٹ ڈالا۔ مغربی بنگال کے کوچ بہار میں پی۔ پی اور ٹی ایم سی کارکنوں کے درمیان پتھراؤ ہوا۔ ترنمول کانگرس کے کارکنوں نے الزام لگایا کہ بی۔ پی۔ پی کارکنوں نے کوچ بہار کے طوفان گنج میں پولنگ بوتھ پر تشدد کیا۔ ترنمول کے بیکنٹوں کو مارا پیٹا گیا اور کئی زخمی ہوگئے۔ ٹی ایم سی کے ایک بی۔ پی۔ پی کارکنان ہتھیاروں کے ساتھ بوتھ کے سامنے کھڑے ہوکر ووٹروں کو ڈرا رہے تھے۔ بی۔ پی۔ پی کارکنوں نے جمعرات کی رات بھی اس علاقے میں تشدد کیا اور ترنمول کے عارضی دفتر کو آگ لگادی۔ ٹی ایم سی نے بی۔ پی۔ پی امیدوار کے خلاف الیکشن کمیشن سے شکایت کی ہے۔ بی۔ پی۔ پی نے ترنمول کارکنوں پر تشدد کا بھی الزام لگایا ہے۔

◀ بی۔ پی۔ پی نے ترنمول کارکنوں پر تشدد کا بھی الزام لگایا ہے۔

مشرقی امپھال کے موزنگ کپو میں انتخابات کے دوران آتشزدگی کا واقعہ سامنے آیا جہاں ای وی ایم مشین کو جلا دیا۔ وہیں امپھال مشرقی ضلع کے خرئی لائی کھوت میں مشتعل لوگوں نے ای وی ایم مشین میں توڑ پھوڑ کی۔ ان لوگوں نے الزام لگایا کہ مسلح شرپسندوں نے ان کے ووٹ ڈال دیے۔ منی پور کے بشنو پور میں بھی پولنگ کے دوران فائرنگ کی گئی۔ اس مرحلہ میں منی پور کی 2 لوک سبھا سیٹوں (منی پور اندرا و منی پور آؤٹر) میں بھی پولنگ ہوئی۔ تشدد کے پیش نظر آؤٹر سیٹ کے کچھ حصوں میں 26 اپریل کو بھی پولنگ ہوگی۔ چھتیس گڑھ کے بیجاپور کے اسورقصاہ علاقہ کے مکلمم میں پولنگ بوتھ سے 500 میٹر کے فاصلے پر گرینیڈ دھماکہ ہوا۔ دھماکہ میں زخمی سی آر پی ایف-196 بٹالین کا سپاہی شہید ہوگیا۔ اس فوجی کا نام دیوندر کمار ہے۔ فوجی امپاؤنڈ مینٹیشن پر تعینات تھے۔ بنگال کے کوچ بہار میں پولنگ ڈیوٹی میں مصروف ایک سی ایس ایف (CAPF) سپاہی کی موت ہوگئی ہے۔ اپیل ہے کہ دہشت گردی اور اقربا پروری کو ختم کیا جائے۔ کشمیر سے دفعہ 370 ہٹائی ہے۔ ڈھائی کروڑ گھروں میں مفت بجلی کنکشن دیے ہیں اور 80 کروڑ لوگوں کو مفت راشن دیا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کو اموی مفاد اسکیموں کا فائدہ مل رہا ہے اور سبھی طبقوں میں ترقیاتی کام ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آسمان بھارت اسکیم کے تحت مفت ہونے لگا ہے۔ غریبوں کو پی ایم رہائش، بیت الخلاء و گیس سلنڈر مسلم خواتین کے لئے تین طلاق قانون ختم کرکے سماجی انصاف کے لئے اہم قدم اٹھائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پانچ سو برس انتظار کے بعد رام لِلا اپنے مندر میں ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ نریندر مودی کی قیادت میں ایک نئے بھارت کی تصویر ہم سب کے سامنے پیش کی جا رہی ہے۔ مودی جی کو دوبارہ وزیراعظم بنانے کے لئے بی۔ پی۔ پی امیدوار کو کامیاب بنانا ہے۔ (بقیہ صفحہ9 پر)

'یہ پولنگ سے لطف اندوز ہونے کا وقت، شک کرنے کا نہیں'



نئی دھلی، (ایجنسیاں)

دنیا کا سب سے بڑا جمہوری میلہ شروع ہوگیا ہے۔ لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلہ کیلئے آج پولنگ ہو رہی ہے۔ انتخابات کے پہلے مرحلہ میں 21 ریاستوں میں کل 102 سیٹوں پر پولنگ ہو رہی ہے۔ ایسے میں وزیراعظم نریندر مودی سے لے کر بھی لیڈر ووٹروں سے ووٹ ڈالنے کی اپیل کر رہے ہیں۔ چیف الیکشن کمشنر بھی لوگوں سے پرجوش طریقے سے ووٹ ڈالنے کی درخواست کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ بارش ہو رہی ہے تو بھی لوگوں کی بڑی تعداد گھروں سے باہر نکلنے دیکھا اچھا لگتا ہے۔ بگڑتے ہوئے موسم اور لمبی قطاروں پر راجیو کمار نے کہا کہ ووٹ ڈالنے کیلئے ملک کے لوگوں میں جوش و خروش دیکھ کر واقعی خوشی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 'ہمیں کئی جگہوں سے خبریں مل رہی ہیں کہ بارش ہو رہی ہے۔ بارش ہونے کے باوجود لوگ ووٹ ڈالنے کیلئے بڑی تعداد میں باہر نکل رہے ہیں۔ خواتین، جوان اور بوڑھے سبھی پولنگ بوتھ پر جاتے ہوئے نظر آ رہے ہیں۔ یہ دیکھنا بہت اچھا ہے کہ لوگ جمہوریت کیلئے آگے بڑھ رہے ہیں'۔ اپوزیشن جماعتوں کے ذریعہ ای وی ایم پر سوال اٹھائے جانے پر راجیو کمار نے کہا کہ یہ معاملہ اب حل ہوگیا ہے۔ یہ 100 فیصد محفوظ ہے۔ یہ معاملہ سپریم کورٹ میں بھی اٹھایا گیا ہے لیکن مشینوں کا کچھ نہیں ہوسکتا۔ فرضی پول ہو سکتا ہے۔ یہ ووٹنگ سے لطف اندوز ہونے کا وقت ہے۔ کسی بھی چیز پر شک کرنے کا نہیں'۔

تمام شکایت کنندگان کو فریق بنایا جائے

ایلوپیتھی پر تبصرہ معاملہ میں سپریم کورٹ کی ہدایت، سماعت جولائی تک ملتوی



نئی دھلی، (ایجنسیاں)

سپریم کورٹ نے جمعہ کو یوگ گرو بابا رام دیو کی اس عرضی پر سماعت جولائی تک کے لیے ملتوی کر دی جس میں انہوں نے اپنے مبینہ بیان پر کہ ایلوپیتھی کورونا کی علاج نہیں کر سکتی، مختلف ریاستوں میں اپنے خلاف درج ایف آئی آر کو کلک کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔ سپریم کورٹ نے جمعہ کو یوگا گرو رام دیو سے کہا کہ وہ شکایت کنندگان کے خلاف مجرمانہ کارروائی پر روک لگانے کی درخواست کریں جنہوں نے کووڈ وبائی امراض کے دوران ایلوپیتھک ادویات کے استعمال کے خلاف ان کے مبینہ تبصروں پر ان کے خلاف مقدمات درج کرائے ہیں۔ جسٹس ایم ایم سندریش اور ایس وی این بھٹی کی بنچ نے بہار اور چھتیس گڑھ ریاستوں کو 2 ہفتے کا وقت دیا ہے کہ وہ ایف آئی آر اور دائر چارج شیٹ سے متعلق صورتحال سے آگاہ کریں۔ انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن (آئی ایم اے) کے پنڈت رائے پور چھتیس گڑھ نے 2021 میں ایک شکایت درج کروائی تھی کہ رام دیو کے تبصروں سے کووڈ پر قابو پانے کے طریقہ کار پر منفی اثر پڑ سکتا ہے اور لوگوں کو مناسب علاج حاصل کرنے سے روکنے کا امکان ہے۔ (بقیہ صفحہ9 پر)

عوام کو فلاحی اسکیموں کا فائدہ مل رہا ہے: یوگی

وزیراعلیٰ نے امروہہ اور باغپت میں انتخابی جلسوں سے خطاب کیا

لکھنؤ/ سورھ (ایس این بی)

اتر پردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج جمعہ کو پی جے پی امیدوار کنور سنگھ تنور نیشنل ہائی وے 9 و بی۔ لکھنؤ روڈ سے متصل میدان پر ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کو نئے شناخت دی ہے۔ ملک سے دہشت گردی اور اقربا پروری کو ختم کیا ہے۔ کشمیر سے دفعہ 370 ہٹائی ہے۔ اپوزیشن ذرائع کے مطابق اس فوجی کا نام نگیش کمار ہے۔ دوبارہ سے الیکشن ڈیوٹی پر آئے تھے۔ اس کے دوستوں نے اسے بیمار حالت میں پایا۔ جب اسے اسپتال لایا گیا تو ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دے دیا۔ ناگالینڈ کے 6 اضلاع میں تقریباً 0 فیصد پولنگ ہوئی۔ یہ اضلاع ہیں۔ مون، لانگ لینگ، تونسانگ، فوکاک، شانلوپر اور کفیرہ۔ یہ سبھی مشرقی ناگالینڈ میں آتے ہیں۔ انٹرن ناگالینڈ ہیلپرز آرگنائزیشن ان اضلاع کیلئے علیحدہ انتظامیہ اور زیادہ مالی آزادی کا مطالبہ کر رہی ہے۔ اس تنظیم نے ان اضلاع کے لوگوں سے انتخابات کا بائیکاٹ کرنے کی اپیل کی تھی۔

◀ ناگالینڈ کے 6 اضلاع میں پولنگ صفر (خبر اپنا دیس صفحہ 3 پر)

اقوام متحدہ میں فلسطین کی رکنیت پر امریکہ کا پھر ویٹو

اقوام متحدہ، (ایجنسیاں)

امریکہ نے فلسطین کو اقوام متحدہ میں مکمل رکنیت دینے کی تجویز کو ویٹو کر دیا ہے۔ یہ تجویز اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل (یو این ایس سی) میں الجیریا نے پیش کی تھی، جس پر جمعرات کو ووٹنگ ہوئی۔ حالانکہ امریکہ کے ویٹو کے بعد فلسطین اقوام متحدہ کا مستقل رکن نہیں بن سکا۔ یو این ایس سی میں کسی بھی قرارداد کو منظور کرنے کے لیے کم از کم 9 ارکان کی حمایت درکار ہوتی ہے۔ 15 رکنی سلامتی کونسل میں فلسطین کے حق میں 12 ووٹ ڈالے گئے جبکہ برطانیہ اور سوئٹزرلینڈ نے ووٹ نہیں دیا۔ خیال کیا جا رہا تھا کہ غزہ میں جاری کے بعد امریکہ قرارداد کو ویٹو نہیں کرے گا لیکن امریکہ اپنے موقف پر ڈٹا رہا اور ویٹو پاور کا استعمال کیا۔ اقوام متحدہ میں مکمل رکنیت حاصل کرنے کے لیے یہ فلسطین کی دوسری کوشش تھی۔ اس سے قبل 2011 میں بھی یو این ایس سی میں فلسطین کو رکنیت دینے پر ووٹنگ ہوئی تھی لیکن اس وقت بھی امریکہ نے اس تجویز کو ویٹو کر دیا تھا۔ امریکہ نے فلسطین کی مستقل رکنیت کی تجویز کو ویٹو کرنے پر وضاحت پیش کی ہے۔ اقوام متحدہ میں امریکہ کے نمائندہ رابرٹ وڈ نے کہا ہے کہ امریکہ کبھی دو ریاستی حل چاہتا ہے لیکن اقوام متحدہ مکمل رکنیت دینے کی جگہ نہیں ہے۔ فلسطین کو علیحدہ ملک کا درجہ دینے کا صحیح طریقہ اسرائیل اور فلسطین کے درمیان براہ راست مذاکرات ہیں۔ امریکہ اور دیگر اتحادی ممالک اس بات چیت میں مدد کر رہے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ دونوں فریقوں کے درمیان براہ راست مذاکرات کے ذریعہ مسئلہ کا حل نکالا جائے۔

اسرائیل نے امریکہ کی جانب سے ویٹو پاور کے استعمال کی تعریف کی ہے۔ اسرائیل وزیر خارجہ اسرائیل کاٹس نے کہا کہ 'ایک شرمناک تجویز مسترد کر دی گئی، دہشت گردی کی حوصلہ افزائی نہیں کی جاتی چاہیے' ادھر فلسطینی اتھارٹی کے صدر محمود عباس نے امریکہ کے ویٹو کی مذمت کی ہے۔ عباس نے اسے غلط اور غیر اخلاقی قرار دیا ہے۔ اقوام متحدہ میں فلسطین کے سفیر ریاض منصور نے کہا کہ 'قرارداد منظور نہ ہونے سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہوں گے۔ ہم ہمت نہیں ہاریں گے اور فلسطین کی رکنیت حاصل کرنے کی کوششیں جاری رکھیں گے'۔ یو این ایس سی میں 5 مستقل ممبران ہیں۔ ان میں امریکہ، روس، برطانیہ، فرانس اور چین شامل ہیں۔ صرف انہیں سی ویٹو پاور حاصل ہے۔ سلامتی کونسل ان 5 ممالک کی رضامندی کے بغیر کسی قرارداد کو منظور یا نافذ نہیں کر سکتی۔ اگر 5 ممبران میں سے ایک بھی تجویز کو ویٹو کر دے تو اسے مسترد کر دیا جاتا ہے۔

فلسطین کو دنیا کے 140 سے زائد ممالک تسلیم کر چکے ہیں لیکن فلسطین ابھی تک اقوام متحدہ کا مکمل رکن نہیں بن سکا ہے۔ جبکہ اسرائیل کو 1947 میں ہی اقوام متحدہ کی مستقل رکنیت مل گئی تھی۔ فی الحال فلسطین اقوام متحدہ کا غیر رکن ملک ہے۔ 2012 میں فلسطین کو اقوام متحدہ کا غیر رکن ملک بنایا گیا تھا۔ یہ وہ ممالک ہوتے ہیں جو اقوام متحدہ میں اپنا نقطہ نظر پیش کر سکتے ہیں، لیکن ووٹ نہیں ڈال سکتے۔ فلسطین کے علاوہ ویٹیکن سٹی بھی ایک غیر رکن ملک ہے۔

ایران کے نیوکلیائی ٹھکانہ والے شہر اصفہان پر 'اسرائیل کا حملہ'

حکام کے حوالے سے امریکی نشریاتی اداروں کا دعویٰ ❑ عراق اور شام میں بھی فضائی حملے ❑ کوئی نقصان نہیں ❑ پروازوں پر عائد پابندیاں ختم ❑ ایئرپورٹ سروس بحال

تہران، (ایجنسیاں)

اسرائیل نے ایرانی حملے کے 6 دن بعد جمعہ کو صبح 6 بجے (ہندوستانی وقت کے مطابق) جوابی کارروائی کی ہے۔ اے بی سی نیوز کے مطابق اسرائیل نے ایران کے نیکلیائی ٹھکانہ والے شہر اصفہان کو نشانہ بنایا۔ پنٹاگن آف اسرائیل نے کہا ہے کہ یہ حملہ ایک ایرانی ایئر بیس پر ہوا ہے۔ اس کے علاوہ عراق اور شام میں بھی

◀ ایران میں فوجی اڈّے کو نشانہ بنایا گیا: نیویارک ٹائمز

◀ نیوکلیائی ٹھکانے محفوظ، ڈرون کو مار گرایا گیا: ایران

◀ حملے کے بعد خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ

فضائی حملے کیے گئے ہیں۔ اصفہان وہی صوبہ ہے جہاں نتانز سمیت ایران کے کئی جوہری مراکز واقع ہیں۔ ایران کی فارس نیوز ایجنسی نے بھی دھماکوں کی آواز سننے کی اطلاع دی۔ یہ حملہ ایران کے سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی سالگرہ کے موقع پر کیا گیا ہے۔ حالانکہ اسرائیل نے خبر لکھے جانے تک اس حملے کی تصدیق نہیں کی ہے۔ وہیں ایران نے کہا ہے کہ انہوں نے اصفہان میں 3 ڈرونس کو مار گرا دیا ہے۔ اس سے قبل 13 اگست کو ایران نے اسرائیل پر 300 سے زائد میزائل اور ڈرونس سے حملہ کیا تھا۔ اس دوران اس نے اسرائیل کے نیوکلیر ایئر بیس کو نشانہ بنایا تھا۔ فرانس، برطانیہ اور امریکہ نے حملہ روکنے میں اسرائیل کی مدد کی تھی۔ اسرائیل نے کہا تھا کہ ایران کے 99 فیصد حملے روک دیے گئے ہیں۔ اسرائیل نے ایران کے حملے کے بعد بدلہ لینے کا اعتباہ دیا تھا۔ اسرائیلی وزیراعظم بنجامن نیتن یاہو نے جوابی کارروائی کے لیے جنگی کابینہ کے 5 اجلاس منعقد کیے تھے۔

جمعہ کو ایران پر اسرائیل کے حملے کی وجہ سے ایئر انڈیا نے 30 اپریل تک تل ابیب کے لیے پروازیں منسوخ کر دی ہیں۔ کیتھی پیسیفک نے ایک بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ مشرق وسطیٰ کی صورتحال کے پیش نظر ہم 30 اپریل 2024 تک تل ابیب سے آنے اور جانے والی پروازیں معطل کر دی ہیں۔ ہم صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ ہم اپنے ان مسافروں کو مدد فراہم کر رہے ہیں جنہوں نے پہلے ہی تل ابیب جانے اور آنے والی پروازیں بک کرلی ہیں۔ کیتھی نے کہا کہ سلامتی اور عملے کی حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے۔ اس سے قبل وزارت خارجہ نے بھی ایران اور اسرائیل کے لیے ٹریول ایڈوائزری جاری کی تھی۔ وزارت خارجہ نے ہندوستانیوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اگلے نوٹس تک ایران اور اسرائیل کا سفر نہ کریں۔ وزارت خارجہ نے ان تمام ہندوستانیوں سے بھی درخواست کی ہے جو فی الحال ایران اور اسرائیل میں رہ رہے ہیں۔ وزارت نے کہا ہے کہ ان ممالک میں رہنے والے ہندوستانیوں کو چاہئے کہ وہ فوری طور پر سفارتخانہ سے رابطہ کریں اور اپنا رجسٹریشن کروائیں۔ وزارت نے درخواست کی ہے کہ وہ اپنی حفاظت کے بارے میں محتاط رہیں اور اپنی سرگرمیوں کو محدود تعداد میں لوگوں کے ساتھ شیئر کریں۔ اس کے علاوہ ہندوستان نے اپنے کارکنوں کو اسرائیل چھوڑنے کا فیصلہ فی الحال ملتوی کر دیا ہے۔ اپریل۔ مئی میں 6 ہزار افرادی کارکنوں کو اسرائیل چھوڑنے کا منصوبہ تھا۔

اسرائیل اور ایران کی ملٹری طاقت

	اسرائیل	ایران
فوج:	6لاکھ 70ہزار	11لاکھ 80ہزار
دفاعی بجٹ:	2لاکھ کروڑ	83ہزار کروڑ
ٹینک:	1370	1996
بحری بیڑے:	64جہاز	101جہاز
ایئر کرافٹ:	612	551

ایئر انڈیا: 30 اپریل تک تل ابیب کیلئے تمام پروازیں معطل



نئی دھلی، (ایجنسیاں)

اسرائیل اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیش نظر ہندوستانی فضائی کمپنی ایئر انڈیا نے 30 اپریل تک تل ابیب کے لیے اپنی تمام پروازیں روک دی ہیں۔ ایئر انڈیا نے ایک پوسٹ میں اس فیصلے کی جانکاری دی ہے۔ ایئر انڈیا نے اپنی پوسٹ میں کہا کہ مشرق وسطیٰ کی صورتحال کے پیش نظر ہم 30 اپریل 2024 تک تل ابیب سے آنے اور جانے والی پروازیں معطل کر دی ہیں۔ ہم صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ ہم اپنے ان مسافروں کو مدد فراہم کر رہے ہیں جنہوں نے پہلے ہی تل ابیب جانے اور آنے والی پروازیں بک کر رکھی ہیں۔ کمپنی نے کہا کہ سلامتی اور عملے کی حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے۔ اس سے قبل وزارت خارجہ نے بھی ایران اور اسرائیل کے لیے ٹریول ایڈوائزری جاری کی تھی۔ وزارت خارجہ نے ہندوستانیوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اگلے نوٹس تک ایران اور اسرائیل کا سفر نہ کریں۔ وزارت خارجہ نے ان تمام ہندوستانیوں سے بھی درخواست کی ہے جو فی الحال ایران اور اسرائیل میں رہ رہے ہیں۔ وزارت نے کہا ہے کہ ان ممالک میں رہنے والے ہندوستانیوں کو چاہئے کہ وہ فوری طور پر سفارتخانہ سے رابطہ کریں اور اپنا رجسٹریشن کروائیں۔ وزارت نے درخواست کی ہے کہ وہ اپنی حفاظت کے بارے میں محتاط رہیں اور اپنی سرگرمیوں کو محدود تعداد میں لوگوں کے ساتھ شیئر کریں۔ اس کے علاوہ ہندوستان نے اپنے کارکنوں کو اسرائیل چھوڑنے کا فیصلہ فی الحال ملتوی کر دیا ہے۔ اپریل۔ مئی میں 6 ہزار افرادی کارکنوں کو اسرائیل چھوڑنے کا منصوبہ تھا۔

◀ آسٹریلیا کا اپنے شہریوں کو ایران اور اسرائیل چھوڑ دینے کا مشورہ

◀ اسرائیل نے امریکہ کو پہلے ہی حملے کی اطلاع دے دی تھی

◀ ایران کے فضائی دفاعی نظام کو فعال کر دیا گیا

دھماکوں کے بعد ایرانی فضائی حدود سے کئی پروازوں کا رخ موڑ دیا گیا ہے۔ سی این این نیوز کے مطابق تقریباً 8 طیاروں کے اپنا روٹ تبدیل کرنے کی اطلاعات ہیں۔ جنوری 2023 میں اصفہان میں ملٹری فیکٹری پر بھی کئی گولوں کا داغے جانے سے حملہ ہوا تھا۔ حالانکہ اس میں زیادہ نقصان نہیں ہوا تھا۔ ایران نے اس حملے کا الزام اسرائیل پر لگایا تھا۔ اس معاملے میں 4 لوگوں کو گرفتار کیا گیا تھا۔ ان پر اسرائیل کی خفیہ ایجنسی موساد کیلئے کام کرنے کا الزام تھا۔ ایک سینئر اسرائیلی اہلکار نے واشنگٹن پوسٹ کو بتایا کہ ایران پر ڈرون حملے کا مقصد انہیں یہ بتانا تھا کہ اسرائیل اگر چاہے تو ایران پر حملہ کر سکتا ہے۔

(بقیہ صفحہ9 پر)